# دستاویزات پیشکش کرایہ داری پولٹری یونٹس

پنجاب ایگریکلچر کالج ریسرچ انسٹی ٹیوٹ لائل پور قائم شدہ 2006ء کا درجہ بلند ہونے پر جامعہ زرعیہ 1961ء میں وجود میں آئی جو کہ 8 مختلف فیکلٹیز اور 3 سب کیمپسز واقع یو اے ایف سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ، یو اے ایف دیپالپور اوکاڑہ اور یو اے ایف سب کیمپس بورے والا پر مشتمل ہے۔ جامعہ زرعیہ فیصل آباد دنیا کی بہترین جامعات کے مقابلے پر 2018ء اور 2019ء میں QS درجہ بندی (ایگریکلچر اور فارسٹری) اور NTU درجہ بندی (ایگریکلچر سائنسز) بالترتیب کے مطابق 136 اور 65 درجہ پر ہے۔ مزید برآں سپیشل ٹیکنالوجیز زونز اتھارٹی (ایس۔ٹی۔زی) نے 31 اگست 2022ء سے جامعہ زرعیہ کو پاکستان کی پہلی ایگری ٹیک پارک قرار دیا ہے۔ جامعہ اپنی مخصوص خصوصیات کی بناء پر تعلیم وتربیت کے ذریعے ایسی افرادی قوت کو جنم دے رہی ہے جو کہ ملک بلکہ غیر ملکی سطح پر بھی زندگی کے ہر شعبہ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ جامعہ مندرجہ ذیل شرائط پر پولٹری یونٹس کو جو کہ اس کے سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ میں واقع ہیں کرایہ پر دینا چاہتی ہے۔

## 1۔ دعوتِ پیشکش کرایہ داری:۔

جامعہ زرعیہ فیصل آباد سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ میں مندرجہ ذیل پولٹری یونٹس (جیسے ہیں جہاں ہیں کی بنیاد پر کرایہ پر دینا مطلوب ہیں)

| نمبر شمار | یونٹ | استعداد / گنجائش | پیشکش زرضمانت رقم |
|---|---|---|---|
| 1 | انوائرمنٹ کنٹرول پولٹری ہاؤس | 30000<br>(تیس ہزار چوزہ) | -/150,000 روپے |
| 2 | ہیچری | 120000<br>(ایک لاکھ بیس ہزار انڈا) | -/50,000 روپے |
| 3 | میش فیڈمل | 5 ٹن فی گھنٹہ | -/50,000 روپے |

## شیڈول:۔

پیشکش وصولی۔ مورخہ 05-05-2023 وقت AM 11:00 جگہ یو اے ایف سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ

پیشکش کا کھولنا۔ مورخہ 05-05-2023 وقت AM 11:30 جگہ یو اے ایف سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ

خواہشمند حضرات پیشکش دینے سے قبل دفتری اوقات کار میں پیشکش کی وصولی کی تاریخ سے ایک دن پہلے تک پولٹری یونٹس کا ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ دستاویزات پیشکش پرنسپل زرعی یونیورسٹی سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ آفس / ڈائریکٹر DPIC زرعی یونیورسٹی فیصل آباد سے مبلغ -/500 روپے جامعہ انکم اکاؤنٹ 11-9/NBP UAF Branch میں جمع کروا کر رسید دے کر حاصل کر سکتے ہیں یا یہ تمام کاغذات یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.uaf.edu.pk یا PPRA کی ویب سائٹ سے بھی مفت ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ خواہش مند حضرات تمام کاغذات کو بغور مطالعہ کے بعد دستخط شدہ پیشکش دستاویزات

بمعہ ضروری دستاویزات (ضمیمہ۔الف) بیان حلفی (ضمیمہ۔ب) کے ساتھ لگا کر ایک ہی لفافہ میں بند کر کے درج بالا شیڈول کے مطابق مندرجہ ذیل عہدیدار کے آفس میں جمع کروانا ہوں گے۔

**پرنسپل**

**یو اے ایف سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ**

**واقع کھیکھا بنگلہ روڈ**

**0462518699**

**0300 6557729**

**2۔ پیشکش دینے کا طریقہ کار اور پیشکش کا کھولنا:۔**

**الف۔ پیشکش دینے کا طریقہ کار:۔**

پیشکش دینے کے خواہشمند حضرات پیشکش کی دستاویزات پرنسپل زرعی یونیورسٹی سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ آفس / ڈائریکٹر DPIC زرعی یونیورسٹی فیصل آباد سے مبلغ -/500 روپے جامعہ انکم اکاؤنٹ NBP UAF Branch 11-9/ میں جمع کروا کر رسید دے کر حاصل کر سکتے ہیں یا یہ تمام کاغذات یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.uaf.edu.pk یا PPRA کی ویب سائٹ سے بھی مفت ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ خواہش مند حضرات تمام کاغذات کو بغور مطالعہ کے بعد دستخط شدہ پیشکش دستاویزات بمعہ ضروری دستاویزات (ضمیمہ۔الف) بیان حلفی (ضمیمہ۔ب) کے ساتھ لگا کر ایک ہی لفافہ میں لفافہ کو اچھی طرح بند کر کے مورخہ 05-05-2023 بجے 11:00 AM تک واپس پرنسپل یو اے ایف سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ واقع کھیکھا بنگلہ روڈ آفس میں جمع کروانا ہوں گے۔۔

**ب۔ پیشکش کا کھولنا:۔**

وصول کردہ پیشکش مورخہ 05-05-2023 وقت 11:30AM جگہ یو اے ایف سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ پر پیشکش کنندہ یا اُس کے نمائندہ کی موجودگی میں جو موجود ہونا چاہتے ہوں، پیشکش کھولی جائیں گی۔

**3۔ نااہلیت واہلیت:**

**الف**۔ مندرجہ ذیل افراد پیشکش دینے کے اہل نہیں ہوں گے:۔

i۔ یو اے ایف یا پاکستان کی کسی بھی سرکاری / نیم سرکاری یونیورسٹی یا ادارہ کے ملازمین۔

ii۔ یو اے ایف یا سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ میں پہلے سے جن کے نام کرایہ داری جاری ہو اور وہ واجبات کے نادہندہ یا ناپسندیدہ (بلیک لسٹ) ہو۔

iii۔ یو اے ایف میں واجبات کے نادہندگان اور ناپسندیدہ (بلیک لسٹ) افراد ہوں

iv۔ وہ افراد جنہوں نے پہلے کبھی، کسی بھی بنا پر جامعہ زرعیہ فیصل آباد (یو اے ایف) یا سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ اتھارٹیز کو اپیل کیے بغیر یونیورسٹی کے خلاف عدالت سے رجوع کیا ہو۔

ب۔ اہلیت:۔ مندرجہ ذیل افراد بولی دینے کے اہل ہوں گے۔

i۔ نئے پیشکش کنندہ اور سابقہ کرایہ دار جو نا اہلیت کے نکات میں نہ آتے ہوں اور جو بقیہ شرائط دستاویز پر پورا اترتا ہو۔

**4۔ پیشکش زر ضمانت رقم:۔**

پیشکش کنندہ مندرجہ ذیل مالیت کی پیشکش زر ضمانت قابل واپسی ڈرافٹ بنام پرنسپل سب کیمپس یو اے ایف ٹوبہ ٹیک سنگھ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد درخواست کے ساتھ لف کرنا ضروری ہوگا لیکن اگر کامیاب پیشکش کنندہ کارکردگی زر ضمانت معاہدہ کرنے سے پہلے مقررہ وقت میں جمع نہیں کرواتا تو یہ رقم بحق جامعہ زرعیہ فیصل آباد سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ ضبط ہوگی۔

| جگہ کرایہ داری | پیشکش زر ضمانت رقم |
|---|---|
| i۔ ہیچری | 50,000/- (پچاس ہزار روپے) |
| ii۔ میش فیڈمل | 50,000/- (پچاس ہزار روپے) |
| iii۔ انوائرمنٹ کنٹرول پولٹری ہاؤس | 150,000/- (ایک لاکھ پچاس روپے) |

iv۔ اگر پیشکش کنندہ تمام یونٹس کی اکٹھی بولی دینا چاہتا ہو تو زر ضمانت -/250,000 (دولاکھ پچاس روپے) ہوگی۔

**5۔ منتخب کرنے کا طریقہ:۔**

i۔ تمام یونٹس کی اکٹھی پیشکش دینے والے اور الگ الگ یونٹ کی پیشکش دینے والوں کا علیحدہ علیحدہ جائزہ لیا جائے گا اور جس کی پیشکش بحیثیت مجموعی یا علیحدہ علیحدہ تینوں یونٹ کو جمع کر کے زیادہ ہوگی اور وہ باقی شرائطِ دستاویز پر پورا اترتی ہو تو وہ کامیاب پیشکش قرار پائے گی۔

ii۔ اگر تمام یونٹس کی اکٹھی پیشکش دینے والے نہ ہوں گے تو پھر الگ الگ یونٹس کی پیشکش دینے والوں کے مابین مقابلہ ہوگا اور جس کی پیشکش زیادہ ہوگی وہ علیحدہ علیحدہ یونٹ کی بناء پر اگر وہ باقی شرائطِ دستاویز پر پورا اترتی ہو تو وہ کامیاب پیشکش قرار پائے گی۔

**نوٹ:۔**

i۔ ایک ہی پیشکش کی صورت میں اگر وہ شرائطِ دستاویزات پر پورا اترتی ہو تو مجاز آفیسر اُس کو کامیاب پیشکش کنندہ قرار دے کر معاہدہ عمل میں لاسکتا ہے۔

ii۔ مجاز آفیسر سارے عمل کو نامنظور کرنے کا حق رکھتا ہے اس وجہ سے جامعہ پیشکش کنندہ کے کسی قسم کے نقصان کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ بہر حال ہر صورت معاہدہ (زیادہ سے زیادہ پیش کنندہ کی پیشکش) مجاز آفیسر کی منظوری کے بعد ہی عمل میں لایا جائے گا۔

**6۔ کارکردگی زر ضمانت:۔**

معاہدہ سے پہلے کامیاب پیشکش کنندہ کو کارکردگی زر ضمانت پیشگی تین ماہ کے منظور شدہ کرایہ کے برابر برائے زر ضمانت اور مزید تین ماہ کے درج کردہ زر ضمانت یوٹیلٹی بلز منظوری کے اطلاع کے دن سے سات دن کے اندر جمع کروانا ہوگی اور معاہدہ کرنا ہوگا۔ لیکن معاہدہ نہ کرنے کی صورت میں پیشکش زر ضمانت بحق جامعہ ضبط کر لی جائے گی لیکن نوٹس کے ذریعے سے کرایہ داری ختم کرنے یا ختم کروانے کی صورت میں کارکردگی زر ضمانت بقایا جات بذمہ کرایہ دار کاٹ کر واپس کر دی جائے گی۔

**7۔ زرضمانت برائے حصول کنکشن بجلی، گیس اور پانی وغیرہ**

کامیاب پیشکش کنندہ کو مندرجہ ذیل قابل واپسی زرضمانت برائے حصول کنکشن ،سوئی گیس اور پانی الگ سے جامعہ انکم اکاؤنٹ 11-9/NBP UAF Branch میں جمع کروا کر بنک رسید شعبہ پانی بجلی وگیس اور متعلقہ دفتر سب کیمپس میں جمع کروانا ہوگی۔

| یونٹ | بجلی | پانی |
|---|---|---|
| ہیچری | -/300,000روپے | - |
| میش فیڈمل | -/600,000روپے | - |
| انوائرمنٹ کنٹرول پولٹری ہاؤس | -/450,000روپے | -/60,000روپے |

**نوٹ:۔**

مذکورہ زرضمانت بجلی اور پانی اگر پہلے مہینے کے بل جو معاہدہ کے نفاذ سے ہو سے اگر کم ہوگی تو دوسرے ماہ میں کرایہ دار اُسی مناسبت سے زرضمانت کا بیلنس جمع کروائے گا اور اسی طرح متواتر آنے والے مہینوں میں۔

**8۔ پیشکش کی منسوخی:۔**

کمیٹی تمام پیشکش کو منظوری سے پہلے منسوخ کرسکتی ہے اور نئے سرے سے پیشکش لے سکتی ہے۔ علاوہ ازیں کامیاب پیشکش کنندہ کے ساتھ بغیر وجہ بتائے معاہدہ نہ کرنے کا اختیار رکھتی ہے اور مذکورہ صورتوں میں جامعہ زرعیہ فیصل آباد سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ پیشکش کنندہ کے کسی بھی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

**9۔ مفادات کا تصادم:۔**

کمیٹی کے کسی بھی ممبر کا پیشکش کنندہ سے خاندانی/ کاروباری کی صورت میں متعلقہ ممبر اپنے آپ کو کرایہ داری کے عمل سے عدم شمولیت اختیار کرلے گا اور پوری کمیٹی مفادات کے تصادم کا سٹرٹیفکیٹ (پیشکش کنندہ سے کوئی خاندانی تعلق نہیں) تمام پیشکش کنندگان کی فہرست پر دے گی۔

خاندان سے مراد ماں، باپ، بیٹا، بیٹی، بہن، بھائی، خاوند اور بیوی ہیں۔

**10۔ عرصہ معاہدہ:۔**

معاہدہ مجاز آفیسر کی منظوری کے دن سے ایک سال کے لئے کیا جائے گا جو کہ پہلے سال کے کرایہ پر دس فیصد اضافہ کے ساتھ مزید دو سال کے لئے تسلی بخش کارکردگی پر قابلِ توسیع ہوگا۔

**11۔ کرایہ کی ادائیگی:۔**

کامیاب پیشکش کنندہ کرایہ مبلغ ۔۔۔۔۔۔روپے ہر مہینے کی دس تاریخ تک جامعہ انکم اکاؤنٹ 11-9/NBP UAF Branch میں جمع کروا کر رسید متعلقہ دفتر میں جمع کروائے گا۔ کسی ایک مہینے کا کرایہ جمع نہ کروانے کی صورت میں واجب الادا کرایہ اس کی کارکردگی زرضمانت سے کاٹ لیا جائے گا اور اس مہینے کی 30 تاریخ تک کرایہ دار زرضمانت کی رقم کو پورا کرے گا۔ بصورت دیگر لگاتار دوسرے مہینے کی یکم تاریخ سے یومیہ 5% جرمانہ ادا کرنا ہوگا جس کی حد 20 تاریخ تک ہوگی۔ اس کے

بعد تنسیخ معاہدہ شرائط کے تحت کاروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

**12۔ٹیکسز:۔**

کرایہ دار کو ہر سال کے کرایہ پر سالانہ جو بھی ٹیکس صوبائی، وفاقی اور کارپوریشن کی طرف سے عائد کردہ ہوگا۔ متعلقہ ادارہ کے اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے بعد رسید دفتر پرنسپل ٹوبہ ٹیک سنگھ میں جمع کروانا ہوگی۔ ٹیکسز منظور شدہ کرایہ میں شامل نہیں ہوں گے بلکہ اس کے علاوہ ہوں گے۔

**13۔ جانچ پڑتال کمیٹی:۔**

مندرجہ ذیل کمیٹی ہر مہینہ یا اس سے کم یا زیادہ کسی بھی وقت کرایہ داری شرائطِ معاہدہ کی روشنی میں معائنہ کرنے کے بعد رپورٹ پرنسپل آفیسر سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ کو ارسال کریں گے۔

-------------------i

-------------------ii

**14۔ یوٹیلٹی بلز اور دیگر ادائیگیاں:۔**

بل بجلی (جامعہ خریدریٹ +10%) اور پانی جاری کردہ تاریخ مقررہ پر بروقت جمع کروانا ہوگا اور رسید کی کاپی شعبہ پانی بجلی اور پرنسپل سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ کے دفتر میں فوری جمع کروانا ہوگی اور بصورت دیگر 10% جرمانہ درج شدہ تاریخ تک۔ اور اس کے بعد کنکشن منقطع کردیے جائیں گے۔ یوٹیلٹیز کو استعمال کرنے سے پہلے میٹر لگوانا لازمی ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر کرایہ دار کو کوئی سہولت درکار ہوگی تو اس کے لئے مروجہ ادائیگی کرنا ہوگی۔

**نوٹ:۔**

انوائرمنٹ کنٹرول پولٹری ہاؤس اور ہیچری کے یوٹیلٹی بلز کو فلاک اور چکس کی فروخت سے پہلے جمع کروانا ضروری ہوگا۔

**15۔ یونٹس میں فیکلٹی اور طلباء کی آمدورفت:۔**

یونٹس میں فیکلٹی اور طلباء کی آمدورفت کی اجازت ہوگی۔ ان کی آمدورفت کے اوقاتِ کار کا تعین کرایہ دار اور پرنسپل کریں گے لیکن فیکلٹی اور طلباء بغیر پیشگی پرنسپل کی اجازت کے آمدورفت نہیں کریں گے۔

**16۔ تنسیخ معاہدہ:۔**

تنسیخ معاہدہ مندرجہ ذیل صورتوں میں ہوسکتی ہے۔

i۔ معاہدہ کی کسی شق (ماسوائے ذیلی شق (iv) 16 کے) کی خلاف ورزی کی صورت میں واجبات کاٹ کر معاہدہ کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ کرایہ دار کو عارضی یا مستقل طور پر آئندہ کرایہ داری معاہدہ میں شمولیت کے لئے ناپسندیدہ قرار دیا جاسکتا ہے۔

ii۔ دونوں فریقین میں سے کوئی فریق دو ماہ کا پیشگی نوٹس دے کر معاہدہ کو ختم کرواسکتا ہے۔ نوٹس کے بغیر دو ماہ کا اور اگر دوسرے واجبات ہوں تو ادا کرنا لازمی ہوں گے۔

iii۔ سات دن تک بغیر پیشگی اطلاع کے کاروبار بند کرنے کی صورت میں آٹھویں دن معاہدہ ختم تصور ہوگا۔ اس صورت میں ایک ماہ کا کرایہ اور واجبات ادا کرنا لازمی ہوں گے۔

iv۔ کرایہ دار یا اس کے ملازمین کی غیر اخلاقی سرگرمی میں ملوث ہونے یا کرایہ داری پر کرایہ دار رکھنے (ذیلی کرایہ داری) یا پیش کردہ دستاویزات یا متعلقہ ادارہ کو کسی بھی قسم کے فراڈ اور دھوکہ دہی کی صورتوں میں بغیر نوٹس تنسیخ معاہدہ اور تمام ملکیتی اشیاء کی بحق جامعہ ضبطگی کے ساتھ اس کے خلاف فوجداری مقدمہ بھی درج کروایا جا سکتا ہے۔

v۔ لگاتار دوسرے ماہ کی بیس تاریخ تک کرایہ بمعہ جرمانہ نہ جمع کروانے کی صورت میں بغیر نوٹس معاہدہ اکیس تاریخ کو تنسیخ تصور ہوگا۔ اس صورت میں بقایا جات بذمہ کرایہ دار کاٹ کر زرضمانت کارکردگی واپس کر دی جائے گی۔

**نوٹ:۔**

معاہدہ کی میعاد پوری ہونے یا اس سے قبل کرایہ داری چھڑوانے یا چھوڑنے کی صورت میں کرایہ دار جگہ خالی کر کے اصل حالت میں واپس کرے گا توڑ پھوڑ اور بلڈنگ کا نقصان جمع شدہ زرضمانت ( قابل واپسی ) اور کرایہ دار کی ملکیت شدہ اشیاء ضبط کر کے (اگر زرضمانت کی رقم سے کم ہو) سے پورا کیا جائے گا۔ زرضمانت کارکردگی اور زرضمانت برائے حصول بجلی، پانی وغیرہ بذمہ کرایہ دار واجبات کاٹ کر کرایہ دار کی تحریری درخواست کی وصولی کے دن سے 60 دن کے اندر کرایہ دار کو واپس کر دی جائے گی۔

**17۔ شکایات کا ازالہ اور تنازعات کا تصفیہ:۔**

اگر فریقین میں تفصیلات اور شرائط معاہدہ میں اختلاف پایا جائے تو باہمی رضامندی سے اسے دور کر سکتے ہیں۔ اگر اختلاف دور نہیں ہوتا تو کوئی بھی فریق معاہدہ نفاذ سے پہلے کی صورت میں شکایات ازالہ کمیٹی سے معاہدہ نافذ عمل ہونے کے بعد تنازعات کا تصفیہ ثالث سے رجوع کر سکتا ہے۔ جس کا طریقہ کار مندرجہ ذیل ہوگا۔

**الف۔** معاہدہ کے نافذ العمل سے پہلے متاثرہ پیشکش کنندہ اپنی پیشکش گزاری کے معاہدہ نافذ العمل ہونے سے پہلے باہمی رضامندی سے اختلاف دور نہ ہونے کی صورت میں جانچ پڑتال کے اعلان سے سات دن کے اندر اندر مندرجہ ذیل تفصیہ کمیٹی سے تحریری شکایت کر سکتا ہے۔

**تصفیہ کمیٹی:۔**

i۔ ------------------

ii۔ ------------------

iii۔ ------------------

کمیٹی ہذا تفتیش کرے گی اور شکایات موصول ہونے کے سات دن کے اندر اندر فیصلہ سنائے گی جو کہ حتمی ہوگا۔ محض شکایت درج کر دینے کی بناء پر کاروائی کرایہ داری میں تعطل کا جواز پیدا نہیں ہوگا۔

**ب۔ معاہدہ کے نافذ العمل ہونے کے بعد:۔**

معاہدہ نافذ عمل ہونے کے بعد متعلقہ فریقین ( کرایہ دار اور پرنسپل ) میں پیدا ہونے والے تنازعات کا تصفیہ اگر باہمی رضامندی سے نہ ہو تو ثالثی کے ذریعے ہوگا جس کا ثالث یوا ے ایف کے وائس چانسلر یا اُس کے دو مقرر کردہ نمائندے ہوں گے (جو کے گریڈ اٹھارہ (18) سے کم نہیں ہوں گے اور نہ ہی وہ کرایہ داری کے عمل کا حصہ رہے ہوں گے ) جو تیس دن کے اندر

فیصلہ کرے گا/ کریں گے۔ تاہم فیصلہ کرنے سے پہلے متاثر فریق کوشخصی شنوائی کا موقع ضرور فراہم کیا جائے گا۔ فیصلہ حتمی ہوگا اور فریقین کو قابل قبول تصور ہوگا لیکن معاہدہ میں دی گئی شرائط۔۔۔۔۔۔۔۔ سے متعلقہ معاملہ تنازع تصور نہیں ہوگا۔

**18۔ناپسندیدہ (بلیک لسٹ) قرار دینا:۔**

i۔اگر کرایہ داری دینے والے مجاز آفیسر کو اپنے طور پر یا کسی بھی ذریعے موصول شدہ شکایات پر کسی پیشکش کنندہ یا کرایہ دار کے بارے میں یہ تسلی ہو کہ وہ:

ii۔ جامعہ کے مفاد کو نقصان پہنچانے میں ملوث ہے۔

iii۔معاہدہ کی رو سے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کرتا ہے۔

iv۔ بدعنوانی اور فریب کاری میں ملوث ہے۔

v۔ادارہ کو جھوٹی معلومات فراہم کرنے میں ملوث ہے۔

vi۔کرایہ داری دینے والا متعلقہ محکمہ پندرہ دن کے اندر (جو کہ شخصی شنوائی کے آخری تاریخ سے گنے جائیں گے) دستیاب دستاویز یا شخصی شنوائی (اگر دی گئی ہو) کی بنیاد پر بعد پیشکش کنندہ یا کرایہ دار کو کسی بھی عوامی کرایہ داری عمل میں عارضی یا مستقل شمولیت سے روکنے کا فیصلہ کے بارے میں اطلاع دے گا۔ جس میں یہ بات بھی تحریر ہوگی کہ پیشکش کنندہ یا کرایہ دار تیس دن کے اندر تصفیہ کمیٹی (اگر معاملہ کا تعلق معاہدہ کے نفاذ سے پہلے ہے ثالث بمطابق شق نمبر 17 ب (اگر معاملہ کا تعلق معاہدہ کے نفاذ کے بعد ہے) کو فیصلہ کے خلاف اپیل کر سکتا ہے۔ جن کا فیصلہ حتمی ہوگا اور فریقین کے لئے ماننا لازم ہوگا۔

**الف۔ بدعنوانی اور فریب کاری کا مطلب:۔**

اس سے مراد یہ ہے کہ کرایہ داری دینے والا ادارہ کو نقصان پہنچاتے ہوئے معاہدہ کے عمل یا تکمیل میں جامعہ کے عہدیدار یا معاہدہ کے اقدام پر اثر انداز ہونے کے لئے کوئی قیمتی چیز پیش کرنا، دینا، وصول کرنا یا مانگنا، کرایہ داری معاہدہ کے عمل یا معاہدہ پر عملدر آمد کے حوالے سے اثر انداز ہونے کے لئے حقائق سے متعلق بیان (پیشکش کی پیشکش گزاری سے قبل یا بعد میں) پیشکش کی قیمتوں کو مصنوعی غیر مسابقتی سطحوں پر برقرار رکھنے اور کرایہ داری دینے والے متعلقہ محکمہ کو آزادانہ اور کھلی مسابقت کے فوائد سے محروم رکھنے کے لیے پیشکش کنندگان کے درمیان سازش آمیز گٹھ جوڑ اور اپنے فرائض منصبی ادا کرنے کے دوران جامعہ کے عہدہ دار کی جانب سے کسی قیمتی چیز کی فراہمی کے لئے درخواست یا التماس؛ اس میں درج ذیل باتیں شامل ہو سکتی ہیں:

1۔تشدد آمیز رویہ جو کسی فریق کے عمل پر اثر انداز ہونے یا کسی دوسرے فریق کو ناجائز طریقے سے نقصان پہنچانے کے لیے بالواسطہ یا بلاواسطہ، نقصان یا ضرر پہنچائے یا کسی ایسے نقصان یا ضرر کے لئے دھمکائے۔

2۔کرایہ داری دینے کے عمل یا معاہدہ کی تکمیل میں دو یا زائد فریقوں کے مابین ہونے والی ملی بھگت خواہ اس کا کرایہ داری دینے والے متعلقہ محکمہ کو علم ہو یا نہ ہو، جس کا مقصد قیمتوں کو ناجائز فائدے کی خاطر مصنوعی وغیرہ مسابقتی سطح پر لانا ہو۔

3۔ بدعنوانی کا عمل جو کسی قیمتی چیز کی پیش کش، وصولی یا التجا کے ذریعے دوسرے فریق پہ بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر اثر انداز ہو کے ناجائز فائدے کی خاطر ہو۔

4۔ کسی فعل یا غفلت، بشمول غلط بیانی کی بناء پر کی جانے والی بدعنوانی جس کا مقصد کسی فریق کو دانستہ یا غیر دانستہ طور پر گمراہ کرنے کی کوشش کرنا ہوتا کہ کوئی مالی یا دیگر فائدہ حاصل ہو یا کسی ذمہ داری سے پہلو تہی کی جائے۔

5۔ مزاحمتی عمل جو لوگوں یا ان کی جائیداد کو بالوساطہ یا بلا واسطہ نقصان پہنچائے یا نقصان پہنچانے کی دھمکی دے تا کہ مذکورہ اشخاص کی معاہدہ کے عمل میں شرکت کو متاثر کیا جائے یا معاہدہ کی تکمیل پر اثر انداز ہو جائے یا تفتیش کے حوالے سے اہم مواد کو دانستہ طور پر ضائع، تبدیل یا مخفی رکھا جائے یا بدعنوانی، فریب کاری، تشدد آمیز یا سازشی کے حوالے سے تفتیش میں مالی طور پر مزاحم ہونے کے لئے تفتیش کاروں کے سامنے غلط بیانات دیے جائیں، یا کسی فریق کو ڈرایا یا خوف زدہ کیا جائے تا کہ مذکورہ فریق کو تفتیش یا تفتیش کی پیروی کے حوالے سے جن باتوں کا علم ہے۔ انہیں بتانے سے باز رکھا جائے جن کا مقصد حقوق معائنہ وحساب میں مادی طور پر مزاحم ہونا ہو۔

**ب۔ اظہار وجوع نوٹس کا اجراء:۔**

کرایہ داری دینے والا متعلقہ محکمہ مندرجہ بالا وجوہات کی بناء پر کسی بھی ذریعہ سے موصول شکایت پر یا اپنے طور پر کرایہ دار یا پیشکش کنندہ کو اظہار وجوع کا نوٹس جاری کر سکتا ہے جو مندرجہ ذیل پر مشتمل ہو گا۔

i۔ پیشکش کنندہ یا کرایہ دار کے خلاف مختصر الزام۔

ii۔ زیادہ سے زیادہ وہ عرصہ جس کے لئے متعلقہ محکمہ پیشکش کنندہ یا کرایہ داری کے عمل میں شمولیت سے روکنے کے لئے تجویز کرنا ہے۔

**پ۔ جواب اظہار وجوہ یا شخصی شنوائی:۔**

i۔ پیشکش کنندہ یا کرایہ دار کو اظہار وجوع کے نوٹس کے جواب کے لئے مجاز آفیسر کے سامنے شخصی شنوائی کے لئے پیش ہونے کے لئے کم از کم سات دن کا وقت دیا جائے گا۔

ii۔ اگر پیشکش کنندہ یا کرایہ دار بیان کردہ وقت میں تحریری جواب نہیں دیتا تو اس صورت میں مجاز آفیسر کے سامنے شخصی شنوائی کے لئے نوٹس کا اجراء کر سکتا ہے۔

iii۔ اس صورت میں اگر پیشکش کنندہ یا کرایہ دار اظہار وجوع نوٹس کا تحریری جواب دے دیتا ہے تو معاملہ داخل دفتر ہو سکتا ہے یا بصورت دیگر پیشکش کنندہ یا کرایہ دار کو شخصی شنوائی کا نوٹس بھجوا سکتا ہے۔

**19۔ تحریر معاہدہ:۔**

کامیاب پیشکش کنندہ مذکورہ زر ضمانت متعلقہ اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے بعد معاہدہ نامہ بحق یونیورسٹی اشٹام مالیتی مطلوبہ پر تحریر کر کے دینا ہو گا اور اس میں درج تحریر کا پابند رہنا ہو گا۔

**20۔ متفرق:۔**

i۔ کرایہ دار لیبر قوانین کی پابندی کرے گا اور عملہ کی کسی بھی قسم کے نقصان کی تلافی کا ذمہ دار ہو گا۔

ii۔ کرایہ دار کو Bio-Security اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے کاربند رہنا ہو گا۔

iii۔ سیاسی، مذہبی یا ادارے کے تشخص کے خلاف گفتگو یا اجتماع ممنوع ہو گا۔ کرایہ دار کو ٹو بہ ٹیک سنگھ ملازمین اور طلباء و طالبات

سے حسنِ اخلاق سے پیش آنا ہوگا۔

iv۔ کرایہ دار اپنا اور تمام ملازمین کے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں پرنسپل آفس کو مہیا کرے گا۔

v۔ کرایہ داری کے دوران ہر قسم کی شکست و ریخت اور توڑ پھوڑ بذمہ کرایہ دار ہوگی اور اگر پولٹری یونٹ کو چالو رکھنے کے لئے پارٹس کو باہر لے جانا ضروری ہو تو گیٹ پاس کے ذریعے ہوگا۔

vi۔ کرایہ دار کسی بھی پولٹری یونٹ کو سبلٹ نہیں کرے گا۔

vii۔ فریقین باہمی رضامندی سے شرائط معاہدہ میں تبدیلی خواہ وہ ناگہانی صورت جو کہ قدرتی عمل کی وجہ سے ہو یا دیگر وجوہات کی بناء پر کر سکتے ہیں۔

**21۔ معاہدہ کا نفاذ اور اختتام:۔**

i۔ فریقین (کرایہ دار اور مجاز آفیسر) کے دستخط کے دن سے معاہدہ نافذ العمل ہوگا۔

ii۔ شرائط نمبر 16 میں بیان کردہ صورتوں کے مطابق۔

iii۔ دونوں فریقین معاہدہ کے نفاذ اور اختتام پر انونٹری کی حوالگی اور قبضہ دیں گے۔

## ضمیمہ (الف) بحوالہ شق نمبر 2

## جامعہ زرعیہ فیصل آباد سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ

## فارم پیشکش

۱) نام پیشکش کنندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۲) کاروباری نوعیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۳) موبائل نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۴) موجودہ پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۵) کیا جامعہ زرعیہ فیصل آباد یا اُس کے سب کیمپسز نے آپ کو کرایہ داری معاہدہ کے عمل میں شمولیت کے لئے ناپسندیدہ تو قرار نہیں دیا؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(ہاں/نہیں)

۶) کیا جامعہ زرعیہ فیصل آباد یا اُس کے سب کیمپسز میں آپ یا آپ کا کوئی بھائی، بیٹا یا والد کرایہ دار ہے؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۷) کیا آپ جامعہ زرعیہ فیصل آباد یا اُس کے سب کیمپسز کے نادہندہ تو نہیں؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۸) کیا جامعہ زرعیہ فیصل آباد یا اُس کے سب کیمپسز نے آج سے پہلے آپ کی کرایہ داری منسوخ تو نہیں کی؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۹) کیا آپ پہلے کبھی بغیر پیشگی اطلاع کے چھوڑ کر تو نہیں گئے؟ س۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۰) کیا آپ نے پہلے کبھی کسی وجہ سے جامعہ ارباب اختیار کو اپیل کئے بغیر جامعہ زرعیہ فیصل آباد یا اُس کے سب کیمپسز کے خلاف عدالت سے رجوع کیا ہے؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۱) مالیت پیشکش زرضمانت ڈرافٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے

۱۲) مالیت پیشکش زرضمانت ڈرافٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے

۱۳) زرضمانت) بینک ڈرافٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تاریخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۴)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۵) رقم پیشکش:۔

الف۔ مجموعی:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپے

ب۔ علیحدہ:۔

i۔ ہیچری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپے

ii۔ میش فیڈمل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپے

iii۔ انوائرمنٹ کنٹرول پولٹری ہاؤس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپے

۱۶) پیشکش کنندہ کا شناختی کارڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۷) پیشکش کنندہ کا نیشنل NTN نمبر اگر شناختی کارڈ نمبر سے مختلف ہے۔۔۔۔

**نوٹ:۔**

دستخط شدہ پیشکش بمعہ بنک ڈرافٹ و بقیہ دستاویز پیشکش بیان حلفی کے ساتھ لگا کر ایک لفافہ میں اچھی طرح لفافہ کو بند کر کے جمع کروانا ہوگا۔ جس کے اوپر اپنا نام، پتہ، فون نمبر اور پیشکش یونٹ (جس کے لئے آپ پیشکش دینا چاہتے ہیں) درج ہو۔

# ضمیمہ (ب) بحوالہ شق نمبر 2

# جامعہ زرعیہ فیصل آباد سب کیمپس ٹوبہ ٹیک سنگھ

## بیان حلفی

میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ولد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حلفاً بیان کرتا/ کرتی ہوں کہ

i۔ میں نے جامعہ زرعیہ فیصل آباد یا اُس کے سب کیمپسز کی طرف سے مہیا کردہ تمام دستاویزات برائے معاہدہ کرایہ داری صفحہ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پڑھ کر سمجھ لی ہیں۔

ii۔ میری طرف سے مہیا کردہ تمام تفصیلات میرے علم و یقین کے مطابق بالکل درست ہیں اور کوئی غلط بیانی نہیں ہے۔

iii۔ میری طرف سے مہیا کردہ تفصیلات میں اگر کوئی غلط بیانی کسی بھی وقت ثابت ہو جائے تو مجاز آفیسر کو حق حاصل ہوگا کہ وہ میرے خلاف دستاویزات معاہدہ کرایہ داری کے تحت کاروائی عمل میں لائے اور یہ کہ میرے ساتھ معاہدہ ہوتا ہے تو تمام شرائط معاہدہ کی سختی سے پابندی کروں گا۔ میرے علم میں ہے کہ:۔

iv۔ معاہدہ کے نافذ العمل ہونے سے پہلے غلط بیانی اور غلط معلومات کی صورت میں اور نافذ العمل کے بعد معاہدہ کی کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں معاہدہ منسوخ زرضمانت ضبط ہونے کے ساتھ ساتھ ناپسندیدہ بھی دیا جا سکتا ہوں اور شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں مذکورہ سزاؤں کے ساتھ میرے خلاف مقدمہ فوجداری بھی کروایا جا سکتا ہے۔

v۔ پیشکش کی منظوری کی صورت میں اگر میں مقررہ تاریخ کے اندر معاہدہ نہیں کرتا ہو تو میری زرضمانت ضبط کر لی جائے۔

## پیشکش کنندہ

دستخط۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(فوٹو کاپی منسلک کریں)

موبائل نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

موجودہ پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دستخط۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ولدیت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(فوٹو کاپی منسلک کریں)

موبائل نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

موجودہ پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔